دی بینک آف پنجاب کے COMCON کے ساتھ معاہدے پر دستخط

سب کو ملازمت کے مساوی مواقع فراہم کرنے کے اپنے نظریے اور مختلف طریقہ سے اہل افراد کو اپنے ساتھ شامل کرنے کے لئے دی بینک آف پنجاب نے COMCON ، جو کہ DAP کی شمولیت اور ترقی کے لئے کام کرنے والی ایک آرگنائزیشن ہے کے ساتھ میمورنڈم آف انڈرسٹینڈنگ پر 29 جنوری 2021 کو کراچی میں دستخط کیئے۔

اس معاہدے کے تحت COMCON بہت سی خدمات فراہم کرے گا جن میں DAPS کی آن بورڈنگ اور تربیت، HSE کمپلینٹ کے لئے تعاون اور DAP کے لئے کام کا آسان ماحول فراہم کرنا شامل ہے۔ اس MOU پر دی بینک آف پنجاب کی جانب سے مس عالیہ ظفر، گروپ ہیڈ، پیپل اینڈ آرگنائزیشنل ایکسیلینس گروپ اور COMCON کی جانب سے مسٹر زاہد اصغر، چیف ایگزیکٹیو آفیسر نے دستخط کیئے اور اس تقریب میں دی بینک آف پنجاب کے سینیئر ایگزیکٹوز اور COMCON کی ٹیم کے ارکان نے بھی شرکت کی۔

اس موقع پر تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مس عالیہ ظفر نے بینک کی جانب سے اس عزم کی توثیق کی کہ ہم ہر طرح کی شمولیت پسند کرنے والی ایک متنوع آرگنائزیشن ہیں اور اپنے معاشرے کے وہ طبقات جن کی درست طریقے سے نمائندگی نہیں ہوتی ان کو آگے بڑھنے کے موقع فراہم کر کے ان کی مدد کرتے رہیں گے۔